نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

چین کے نئے تعینات قونصل جنرل لاہور سن یان (Sun Yan) کا ایگریکلچر ہاؤس لاہور کا دورہ

لاہور: یکم اپریل 2026 ( ) چین کے نئے تعینات ہونے والے قونصل جنرل لاہور سن یان (Sun Yan) نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور کا دورہ کیا۔ وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور سیکرٹری لائیوسٹاک احمد عزیز تارڑ کے ساتھ اہم میٹنگ میں شریک ہوئے۔ وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں زرعی پیداوار بڑھانے کے لیے متعدد اقدامات پر عمل درآمد جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 250 ارب روپے سے زائد کے بلاسود قرض کی سہولت کسان کارڈ کے ذریعے 8 لاکھ کاشتکاروں کو دی جا رہی ہے اور کسان کارڈ کے ذریعے خریداری سے فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار پر مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ زرعی شعبہ میں میکنائزیشن کے فروغ کے لیے موجودہ حکومت نے 66 ارب روپے خرچ کیے ہیں جبکہ کاشتکاروں کے لیے 4 ایگری مالز فعال ہیں اور 10 مزید زیر تعمیر ہیں۔ سموگ پر قابو پانے کے لیے 10 ہزار سپر سیڈرز کی سبسڈی پر فراہمی کی جا رہی ہے اور فروزن میٹ ایکسپورٹ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے چین کے تعاون کی ضرورت ہے۔ منہ کھر کی بیماری سے محفوظ جانوروں کے لیے 8 کمپارٹمنٹس قائم کیے گئے ہیں اور وزیر اعلیٰ پنجاب کا ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کاشتکاروں کی طرف سے بڑی پذیرائی حاصل کر رہا ہے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے چائنہ کے دورے کے دوران زرعی مشینری کے مینوفیکچرنگ پلانٹس کا جائزہ لیا اور وزیر زراعت پنجاب کی قیادت میں محکمہ زراعت کے اعلیٰ سطحی وفد نے اکتوبر 2025 کے دوران چائنا کا کامیاب دورہ کیا۔ دورے کے دوران 17 اہم مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے اور تمام مفاہمتی یادداشتوں پر عمل درآمد جاری ہے۔ مفاہمتی یادداشتوں پر عمل درآمد میں مزید تیزی کے لیے قونصلیٹ جنرل لاہور کا تعاون درکار ہے اور کپاس کے بیج پر تحقیق کے لیے چین کا خصوصی تعاون بھی درکار ہے۔

چائنیز قونصل جنرل سن یان (Sun Yan) نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے زرعی شعبہ کو درپیش مسائل سے نمٹنے کے لیے چائنیز ماہرین تکنیکی سپورٹ فراہم کریں گے اور سمارٹ ایگریکلچر کے فروغ کے لیے چائنا پنجاب حکومت کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب کے زرعی شعبہ کے ساتھ تعاون ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ اجلاس کے دوران سیکرٹری لائیوسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب احمد عزیز تارڑ نے بھی محکمانہ اقدامات اور کاشتکاروں کے لیے جاری سہولیات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔

☆☆☆☆